Human Resources Administration | Family Independence Administration
Department of Social Services

# یوٹیلیٹی سے متعلق پرچہ (Urdu)

**کیا میں اپنی یوٹیلیٹیز کے سلسلے میں مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

- ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) یوٹیلیٹی بلوں (گیس اور بجلی) کی ادائیگی کرنے میں مالی اعانت کے ساتھ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی کے لیے گرانٹس نقد اعانت اور سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (Supplemental Security Income, SSI) پانے والوں کے لیے نیز آمدنی کے دیگر وسائل والے ان افراد کے لیے دستیاب ہے جنہیں کسی ہنگامی صورتحال کا سامنا ہے نیز ضرورت پوری کرنے کے لیے کوئی دستیاب وسائل نہیں ہیں۔

- اگر آپ کو فی الحال نقد اعانت یا SSI ملتی ہے تو HRA آپ کی یوٹیلیٹی سروس بند ہونے سے روکنے کے لیے چار مہینے تک کے یوٹیلیٹی کے بقایہ جات ادا کرے گا۔ آپ کے یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ کو اگر HRA سے ادائیگی ملتی ہے تو انہیں سروس جاری یا بحال کرنی چاہیے چاہے سبھی بقایے ادا نہیں کیے گئے ہوں۔

- اگر آپ کو فی الحال نقد اعانت نہیں ملتی ہے تو آپ اپنی یوٹیلیٹی سروس بند ہونے سے روکنے یا اپنی یوٹیلیٹی سروس بحال کرنے کے لیے ایک ہنگامی گرانٹ کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

- اگر آپ کو نقد یا SSI اعانت ملتی ہے تو آپ یوٹیلیٹی گارنٹی کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

**یوٹیلیٹی گارنٹی کا کیا مطلب ہے؟**

- HRA یوٹیلیٹی کمپنی کو اس بات کا یقین دلاتا ہے کہ چھ (6) ماہ کی مدت تک وہ یوٹیلیٹی کی ادائیگی کرے گا اگر یوٹیلیٹی گارنٹی رکھنے والا نقد اعانت کا وصول کنندہ یا SSI کا وصول کنندہ اسے ادا نہیں کر سکتا ہو۔

- اگر آپ کو یوٹیلیٹی گارنٹی ملتی ہے تو آپ یوٹیلیٹی کے آئندہ سبھی بلوں کی ادائیگی کے ذمہ دار رہتے ہیں۔

**یوٹیلیٹی گارنٹی کا کیا فائدہ ہے؟**

- یوٹیلیٹی سروس بند ہونے سے روکنے کے لیے HRA آپ کے یوٹیلیٹی فراہم کنندہ کو جو رقم ادا کرتا ہے وہ آپ سے واپس ادا کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا۔

- گارنٹی کی مدت کے دوران، یوٹیلیٹی سروس کا فراہم کنندہ درج ذیل کام نہیں کرے گا:
  - HRA کی جانب سے غیر ادا شدہ کسی میزان کے سبب آپ ک سروس بند نہیں کرے گا؛ یا
  - باقی ماندہ غیر ادا شدہ میزان وصول کرنے کی کوشش نہیں کرے گا۔

**مثال:** اگر آپ نقد اعانت یا SSI پر ہیں اور بل 100$ کا ہے اور HRA صرف 75$ ادا کرتا ہے تو یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ آپ پر اب بھی باقی 25$ کی وجہ سے آپ کی سروس بند نہیں کرے گا۔

**یوٹیلیٹی گارنٹی کتنی مدت تک رہتی ہے؟**

- یوٹیلیٹی گارنٹی چھ مہینے تک نافذ العمل رہے گی۔ یوٹیلیٹی گارنٹی کی مدت چھ مہینے سے کم میں ختم ہو جائے گی اگر چھ ماہ کی مدت سے پہلے آپ کی نقد اعانت کا کیس بند ہو جائے یا آپ کے SSI بینیفٹس روک دیے جائیں۔ آپ کو SSI موصول ہونا شروع جانے کی وجہ سے اگر آپ کی نقد اعانت کا کیس بند ہو جاتا ہے تو بھی گارنٹی ختم ہو جائے گی۔

(اگلے صفحہ پر جاری)

**اگر میں گارنٹی کی مدت کے دوران اپنے یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی نہیں کر سکتا ہو کیا ہوتا ہے؟**

- اگر آپ گارنٹی کی مدت کے اندر اپنے بل کی پوری رقم ادا نہیں کرتے ہیں تو آپ کا یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ HRA کو مطلع کرے گا۔ HRA سے کوئی ایسی رقم ادا کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا جو گارنٹی کی مدت کے دوران آپ کے ذریعہ ادا نہیں کیا گیا ہے۔

- اگر آپ نقد اعانت کے وصول کنندہ ہیں تو گارنٹی کی مدت کے دوران HRA کے ذریعہ ادا کردہ کوئی رقم آپ کی نقد اعانت والی گرانٹ سے تب تک واپس لی جائے گی جب تک HRA کو پوری رقم ادا نہیں ہو جاتی ہے۔ اسے تلافی کہا جاتا ہے۔ نیز، ہنگامی بھتہ، جو آپ کی گرانٹ کا ہی حصہ ہے آپ کی گرانٹ سے ہٹا دیا جائے گا (اسے یوٹیلیٹی بھتہ کی تحدید) کہا جاتا ہے اور HRA آپ کا ماہانہ یوٹیلیٹی بل اس بھتے کے ساتھ براہ راست آپ کے یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ کو ادا کرے گا (اسے براہ راست وینڈر کو ادائیگی کہا جاتا ہے)۔

- اگر آپ SSI کے وصول کنندہ ہیں تو آپ سے کوئی ایسی رقم واپس ادا کرنے کا تقاضہ نہیں کیا جاتا ہے جو HRA آپ کے یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ کو ادا کرتا ہے۔

**اگر یوٹیلیٹی گارنٹی کی میعاد ختم ہونے سے پہلے ہی میرا نقد اعانت کا کیس بند ہو جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟**

- اگر یوٹیلیٹی گارنٹی کی میعاد ختم ہونے سے پہلے ہی آپ کا نقد اعانت کا کیس بند ہو جاتا ہے تو یوٹیلیٹی گارنٹی کی مدت آپ کا کیس بند ہونے کی تاریخ کو ہی ختم ہو جاتا ہے۔ یوٹیلیٹی گارنٹی کی میعاد میں کوئی باقی ماندہ وقت ضائع ہو جاتا ہے۔

- HRA یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ کو مطلع کرتا ہے کہ آپ کی نقد اعانت کا کیس بند کر دیا گیا ہے۔ آپ کا یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ آپ پر واجب الادا کسی ایسی بقایہ رقم کے لیے آپ کو بل بھیجے گا جو HRA نے ادا نہیں کیا اور جسے یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ نے الگ رکھا اور جس کے لیے آپ کو نقد اعانت یا SSI موصول ہو رہے ہونے کے دوران آپ کو بل نہیں بھیجا۔

- یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ اب آپ کی نقد اعانت کا کیس بند ہو جانے کی وجہ سے واجب الادا پوری بقایا رقم کے ساتھ آپ کو ایک نوٹس بھیجے گا۔ آپ کو بقایا رقوم کے ساتھ، نیز آپ کے حالیہ ماہانہ استعمال کی رقم کا ایک بل بھی ملے گا۔

- اگر آپ بقایا رقم ادا نہیں کرتے ہیں یا یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ کے ساتھ بقایوں کی ادائیگی کرنے کے لیے ادائیگی کا اقرار نامہ نہیں کرتے ہیں تو آپ کو یوٹیلیٹی منقطع کرنے کا نوٹس موصول ہو سکتا ہے۔ آپ کو یوٹیلیٹی منقطع کرنے کا نوٹس موصول ہوتا ہے تو آپ HRA میں ہنگامی اعانت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

**یوٹیلیٹی گارنٹی کی معیاد ختم ہوجانے پر کیا ہوتا ہے؟**

- گارنٹی کی مدت ختم ہو جانے پر اگر آپ اپنا بل ادا نہیں کرتے ہیں تو HRA کو مطلع نہیں کیا جائے گا اور HRA آپ کے خدمت فراہم کنندہ کو یوٹیلیٹی کی ادائیگی نہیں کرے گا۔

- اگر گارنٹی کی مدت ختم ہوجانے کے بعد بھی آپ کو نقد اعانت یا SSI ملتی ہے تو گارنٹی جاری کیے جانے کے وقت یوٹیلیٹی سروس کی آپ پر بقایہ رقم بدستور آپ کے اکاؤنٹ پر رہے گی لیکن جب تک آپ کی نقد اعانت کا کیس بند نہ ہو جائے یا آپ کی SSI ختم نہ ہو جائے تب تک آپ کو بل نہیں بھیجا جائے گا۔

- اگر آپ رواں یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی نہیں کرتے ہیں تو آپ کا یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندہ یوٹیلیٹی منقطع کرنے کا نوٹس جاری کر سکتا ہے۔

**اگر یوٹیلیٹی گارنٹی کی میعاد ختم ہو جاتی ہے اور میں اب بھی اپنے بل ادا نہیں کر سکتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**

- گارنٹی کی مدت ختم ہو جانے کے بعد اگر آپ کو بند کرنے کا نوٹس ملتا ہے تو آپ کو ہنگامی اعانت کے لیے درخواست دینی چاہیے۔ آپ یوٹیلیٹی کے دیگر بقایوں کی ادائیگی اور یوٹیلیٹی گارنٹی کی دوسری مدت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ درخواست کیسے دیں اس بابت مزید معلومات کے لیے 311 پر رابطہ کریں۔